© rasailojaraid.com



خادم حسین

# زبان میری ہے بات اُنکی

○ ـــــ سینٹ کے خلاف مہم چلانے والوں کے سربراہ "یحییٰ بختیار" سینیٹر منتخب ہو گئے ۔ (ایک خبر)

"بے بنیاد" لوگوں کی یہی تو پہچان ہے ۔

○ ـــــ باپ کی ڈانٹ ڈپٹ پر بیٹے نے باپ کو موت کے گھاٹ اُتار دیا ۔ (ایک خبر)

ہم ایسی سب کتابیں قابلِ ضبطی سمجھتے ہیں ٭ کہ جن کو پڑھ کے بیٹے باپ کو خبطی سمجھتے ہیں

○ ـــــ کویتی شہری خون دے کر مفت پٹرول حاصل کریں ۔ (کویتی حکومت)

"رگوں میں خون کی بجائے پٹرول ڈلوائیے !"

○ ـــــ صدر صدام کو ماسکو میں خوش آمدید نہیں کہا جائے گا ۔ (روسی ترجمان)

"جن پہ تکیہ تھا وہی پتّے ہوا دینے لگے ۔"

○ ـــــ وکلاء کسی بھی حالت میں سچائی کا دامن نہ چھوڑیں ۔ (کمشنر ملتان)

کہ ایک یہی طبقہ تو سچ بولنے والا باقی رہ گیا ہے !

○ ـــــ پیر نے مرید کی بہن کو پانی کے بہانے بُلایا اور زبردستی بے آبرو کر دیا ۔ (ایک خبر)

لٹ گیا مرشد کے ہاتھوں ایک سادہ دل مرید | عشرۂ ماہِ محرم میں نشاطِ صبحِ عید ؟
جیب کتروں میں ہے رائج نعرہ ھل من مزید | چرس کے بھبکے پہ ہوتی ہے ملنگوں کی بسر

ـــــ آج کی تازہ خبر

○ ـــــ ایران سے آنے والی ہواؤں سے بلوچستان میں زبردست بارشیں ۔ ہوائیں پنجاب کی طرف بڑھ رہی ہیں ۔ (ایک خبر)

ایرانی نظریاتی ہواؤں کا رُخ بھی پاکستان کی طرف ہے ۔ عراق کے حالات سے سبق حاصل نہ کرنا بے وقوفی ہے ۔

○ ـــــ بیٹی کی رخصتی کے وقت باپ دل کا دورہ پڑنے سے چل بسا ۔ (ایک خبر)

دِھیاں نمانیاں ـــــ کنّاں جمیاں تے کنّاں نے جانیاں !

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



○ —— جی پیس میں ملزم حق نواز کو دو مرتبہ سزائے موت، سات افراد کو عمر قید کا حکم۔ (ایک خبر)

احسان الٰہی ظہیر، جنرل ضیاء الحق، حق نواز جھنگوی، ایثار القاسمی، احسان اللہ فاروقی، سید منظور الحسن ہمدانی اور حکیم فیض عالم کے قاتل دندناتے پھر رہے ہیں

○ —— صدام کے نام پر ہلڑ بازی کرنے والے آج گھروں میں کیوں بیٹھ گئے ہیں؟ (نواز شریف)

عراق سے ملنے والا "گوگو پان مصالحہ" ختم ہو گیا ہے۔

○ —— ایران، عراق میں بغاوت کرا رہا ہے۔ (عراقی حکومت)

پاکستان میں صدام کے حامیوں کو اب ایرانی سامراج نظر نہیں آتا؟

○ —— پارٹی کارکن انتخابات کی تیاری کریں، موجودہ حکومت کے دن تھوڑے رہ گئے ہیں (بے نظیر)

—— بلی نوں چھیچھڑیاں دے خواب!

○ —— اسلام سے روگردانی کے نتیجے میں مسلمان ذلت و رسوائی کی علامت بن گئے ہیں (راجہ ظہیر)

؎ جنہیں فضول سمجھ کے بجھا دیا تم نے | وہی چراغ جلیں گے تو روشنی ہو گی۔!

○ —— ایئرپورٹ پر سیکورٹی فورس نے "الٹی فقیر" سے شراب برآمد کر لی، پولیس کی حراست سے ضمانت پر رہائی۔ (ایک خبر)

ساز کی آواز پر "اللہ" کی ضرب لگانے والے کے کرتوت! لعنت بر پدرِ فرنگ

○ —— ہم ملک میں اسلامی نظام نافذ کرنے کے پابند ہیں۔ (صدر اسحاق)

صدر صاحب! خود تم اپنے پونے چھ فٹ قد اور ڈھائی من لاش پر اسلام نافذ نہیں کر سکتے، چودہ کروڑ عوام پر کیسے نافذ کرے گی ——؟

○ —— دریائے سوات نے "ہنی مون" کے لئے آنے والے لاہور کے تاجر کو نگل لیا، تصویریں بناتے ہوئے پتھر سے پاؤں پھسل گیا۔ دلہن دیوانی ہو کر دریا کی طرف بھاگی۔ (ایک خبر)

؎ خوشی کے ساتھ دنیا میں ہزاروں غم بھی ہوتے ہیں
جہاں بجتی ہے شہنائی وہاں ماتم بھی ہوتے ہیں

○ —— نشتر ہسپتال میں ڈاکٹروں کا فری سیکس سکینڈل۔ تین ڈاکٹر تین لیڈی ڈاکٹروں کے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



ساتھ نمبر رُوم میں قابلِ اعتراض حالت میں پکڑے گئے ۔ پانچ ڈاکٹروں کو فارغ کر دیا گیا ۔ اسسٹنٹ پروفیسر محفوظ رہا ۔ (ایک خبر) ــــــــــــ

ہسپتال اور چکلے میں کیا فرق رہ گیا ہے ؟

○ ــــــ امریکہ میں "بُش" بے نظیر کے انکل اور پاکستان میں "صدام" ڈیڈی بن جاتے ہیں ۔ (جام صادق)

جمہوریت میں انکل اور ڈیڈی بنانے کے لیے انسان ہونا ضروری ہے نہ مسلمان ہونا ۔

○ ــــــ سلمان رشدی کے لیے موت کا فتویٰ بدستور قائم ہے ۔ (ایران کے مذہبی رہنماؤں کا بیان)

اِس لیے کہ اُس نے قرآن پاک اور انبیاء کی توہین کی ہے اور جو یہ کہے کہ "حضرت آدمؑ سے لے کر حضرت محمدؐ تک کوئی اپنے مشن میں کامیاب نہ ہوا ......" اور (معاذاللہ) "یہ قرآن مجید تحریف کردہ ہے ۔" اس کے بارے میں کیا خیال ہے ــــــ ؟

○ ــــــ بچپن میں ماں سے ، سکول میں ٹیچر سے ڈرتا رہا ۔ اب بیوی سے ڈرتا ہوں ۔ (گورنر میاں اظہر) ــــــــــــ

ربّ توں ڈر ــــــ نوکر دو ہٹی دِیا .... ،

○ ــــــ ۔ بے نظیر بھٹو کی خواہش تھی کہ میں سینٹ کا انتخاب لڑوں لیکن مَیں نے اِنکار کر دیا ۔ (اصغر خان)

ہتھ نہ پہنچے ــــ تھو کوڑی !

○ ــــــ گرباچوف کا رول انتہائی گندا رہا ۔ بُش کو عراق کی مخبری کرتے رہے ۔ (ایک خبر)

ان کی رام کہانی تو بہ ــــ ! | اِن دونوں کی بانی توبہ
ایک ہے مُرغی ایک ہے چوزہ ! | ایک اچنبھا ایک عجوزہ

○ ــــــ عورت کو صدرِ مملکت ، وزیر اعظم اور مسلح افواج کے سربراہ جیسے حسّاس عہدوں پر فائز نہ کرنے سے متعلق جے یو آئی کا مطالبہ مسترد کر دیا گیا ــــــ "مولانا ! اِس طرح تو عورت کا کام صرف بچے پیدا کرنا رہ جائے گا ۔" (چوہدری شجاعت حسین)

کیا آج کی حیا باختہ اور مادر پدر آزاد عورت (جو عورتؐ کے نام پر ایک بدنما دھبہ ہے) حضرت خدیجہؓ ، حضرت صفیہؓ ، حضرت عائشہؓ ، حضرت فاطمہؓ اور حضرت زینبؓ سے زیادہ ذہین و فطین ہے ۔ ؟

© rasailojaraid.com